© rasailojaraid.com

ہے اور اُس میں بیان کردہ تعلیم کو بڑی خوبی کے ساتھ واضح کیا ہے۔ احادیث کی تشریح میں آیاتِ قرآنیہ بھی پیش کی گئی ہیں اور موقع کی مناسبت سے عربی اشعار کا بھی سہارا لیا گیا ہے۔

ارشاد الرحمٰن صاحب نے احادیث کی تشریح کو اردو کا جامہ پہنایا ہے اور اُسے مفید تر بنانے کے لیے کہیں کہیں ضروری اضافے بھی کیے ہیں۔ ہر حدیث کے الفاظ کے معانی اور ان کی تشریح بیان کر کے مفہوم سمجھنا سہل کر دیا ہے۔

احادیث کے اس مجموعے کی افادیت کا تقاضا ہے کہ ہر مسلمان اس کا مطالعہ کرے تاکہ وہ صحت عقائد کے ساتھ دین اسلام کی ضروری تعلیمات سے واقف ہو۔

## (۳)

نام کتاب : انسائیکلوپیڈیا قرآنیات (مع عالمی مذاہب)

قسط نمبر ۱ جنوری ۲۰۰۹ء

مدیر اعلیٰ : سید قاسم محمود

ضخامت: 80 صفحات قیمت فی قسط:100 روپے (سالانہ رکنیت کے لیے 1000 روپے)

ملنے کا پتہ: شاہکار بک فاؤنڈیشن 35-اقبال ایونیو گرین ٹاؤن' لاہور

سید قاسم محمود کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ علم و تحقیق کے میدان میں اُن کا نام جانا پہچانا ہے۔ وہ کئی کتابوں کے مصنف ہیں۔ ایک ماہنامہ احیائے علوم بھی ان کی ادارت میں شائع ہوتا ہے۔ سید صاحب اپنی ذات میں انجمن ہیں۔ انہوں نے تحقیق کے سلسلہ میں تن تنہا وہ کام کیے ہیں جو ادارے بھی آسانی کے ساتھ نہیں کر سکتے۔ انسائیکلوپیڈیا ان کا دل پسند موضوع ہے۔ اسلامی انسائیکلوپیڈیا اور انسائیکلوپیڈیا پاکستانیکا منظر عام پر آ کر مقبولیت حاصل کر چکے ہیں۔

زیر تبصرہ قسط وار انسائیکلوپیڈیا قرآنیات (مع عالمی مذاہب) کی پہلی قسط ہے' جو حروفِ تہجی کے اعتبار سے ترتیب دی گئی ہے۔ اس شمارے میں آ' آبا سے لے کر آریہ مذہب تک کے الفاظ کی سیر حاصل توضیح ہے۔ قرآن مجید' احادیث رسولؐ میں آنے والے الفاظ جو ''آ'' کے تحت آتے ہیں اور وہ الفاظ جو دوسرے مذاہب کے لٹریچر میں آئے ہیں اُن کے متعلق بھرپور معلومات دی گئی ہیں۔ یوں یہ شمارہ انسائیکلوپیڈیا قرآنیات کی پہلی قسط ہے۔ اس طرح کی متعدد اقساط میں یہ شاہکار قاموس مکمل ہوگا جو ریفرنس بکس میں ایک گراں قدر اضافہ ثابت ہوگا۔ معلوم ہوتا ہے کہ اس کی اشاعت میں عجلت سے کام لیا جا رہا ہے' کیونکہ کمپوزنگ کی غلطیاں جا بجا ملتی ہیں۔

❁❁❁



© rasailojaraid.com